ملک بھر میں بجلی کا بریک ڈاؤن کے بعد کراچی کو معمول کے مطابق بجلی کی فراہمی جاری

کراچی، 24 جنوری 2023: کے الیکٹرک انتظامیہ اور نیشنل گرڈ حکام کی مسلسل کوششوں کی بدولت کراچی کے رہائشی، تجارتی اور صنعتی زونز، کے ڈبلیو ایس بی واٹر پمپنگ اسٹیشنز، ایئرپورٹ اور اہم اسپتالوں سمیت پورے شہر کو بجلی کی فراہمی منگل کی صبح معمول پر آگئی۔ پیر کی صبح، نیشنل گرڈ نیٹ ورک میں فریکوئنسی میں گرنے کی وجہ سے ملک کے پاور نیٹ ورک کا ایک وسیع حصہ متاثر ہوا تھا۔

کے الیکٹرک کی ٹیموں نے ادارے کے 71 گرڈز پر مشتمل نیٹ ورک کے محفوظ ہونے کی تصدیق کرلینے کے فورا بعد ہی بجلی کی بحالی کا عمل شروع کردیا تھا۔ اس دوران کراچی اور نیشنل گرڈ کے درمیان رابطہ دوبارہ بحال کرنے کے لیے کے الیکٹرک انتظامیہ این ڈی ٹی سی حکام کے ساتھ مسلسل رابطے میں رہی جس کی وجہ سے بحالی کے عمل میں تیزی دیکھی جاسکی۔

اس موقعے پر کے الیکٹرک کے سی ای او مونس علوی کا کہنا تھا کہ"میں وفاقی وزیر برائے توانائی انجنیئر خرم دستگیر کا شکر گزار ہوں جنہوں نے بحالی کے عمل میں براہ راست رہنمائی کی اور ہم سے مسلسل رابطے میں رہے۔ ہم وزیر اعلیٰ سندھ اور صوبائی حکومت کے ساتھ ساتھ اپنے ریگولیٹر کے بھی شکر گزار ہیں جنہوں نے ہماری رہنمائی کی۔ صورتحال کو نمٹنے میں ہماری ٹیموں کی انتھک کوششیں اہم تھیں۔ اگرچہ ہمارے چند جنریشن پلانٹس پر گرمیوں کے پیش ضروری مینٹیننس سرگرمیاں جاری تھیں تاہم ضرورت کی اس گھڑی میں ہم نے فورا انہیں فعال کیا۔"

انہوں نے اس دوران صارفین کے تعاون کا شکریہ بھی ادا کیا۔ اگرچہ کے الیکٹرک کے نیٹ ورک کے معمول پر آنے کے بعد بھی ادارے کا عملہ کسی بھی مقامی فالٹ کی درستگی کے لیے متحرک رہا۔ مزید براں کے الیکٹرک کے چینلز بشمول سوشل میڈیا پلیٹ فارمز، 118 کال سینٹر، اور 8119 ایس ایم ایس سروس صارفین کی مدد کے لیے 24 گھنٹے دستیاب رہیں۔

کے الیکٹرک کا تعارف

کے۔ الیکٹرک ایک پبلک لسٹڈ کمپنی ہے، جس کا قیام پاکستان بننے سے قبل 1913 میں کے ای ایس سی کے طور پر عمل میں آیا۔ 2005 میں کمپنی کی نجکاری کی گئی۔ کے۔ الیکٹرک پاکستان کی واحد عمودی طور پر مربوط یوٹیلیٹی ہے، جو کراچی اور اس کے ملحقہ علاقوں سمیت 6500 مربع کلومیٹر علاقے کو بجلی فراہم کرتی ہے۔ کمپنی کے 66.4 فیصد حصص پاکستان اسٹاک ایکسچینج (پی ایس ایکس) میں لسٹڈ ہیں اور کے ای ایس پاور کی ملکیت ہیں۔ یہ سرمایہ کاروں کا ایک کنسورشیم ہے، جس میں سعودی عرب کی الجومعہ پاور لمیٹڈ، کویت کا نیشنل انڈسٹریز گروپ (ہولڈنگ) اور انفرا اسٹرکچر اینڈ گروتھ کیپٹل فنڈ (آئی جی سی ایف) شامل ہیں۔ کے۔ الیکٹرک میں حکومت پاکستان کے بھی 24.36 فیصد حصص ہیں۔